11جون2018ء

## پاکستانی روپے اور ڈالر کا ایکسچینج ریٹ

آج انٹر بینک میں پاکستانی روپے اور امریکی ڈالر کی شرح مبادلہ 119.84 روپے فی ڈالر پر بند ہوئی اور اس میں دن کے دوران بالترتیب 117.00 روپے اور 121.50 روپے فی ڈالر کی پست اور بلند شرح دیکھی گئی۔ اس تبدیلی کی بنیاد انٹر بینک مارکیٹ میں زر مبادلہ کی طلب ورسد کا فرق ہے۔

مارکیٹ پر مبنی یہ ایڈ جسٹمنٹ ملک کے بیرونی توازن ادائیگی کی صورت حال کا عکاس ہے جو بڑے تجارتی خسارے کی بنا پر دباؤ میں ہے۔ برآمدات کی مسلسل نمو (جولائی تا اپریل مالی سال 18ء میں 13.3 فیصد) اور ترسیلات میں کچھ اضافے کے باوجود بڑھتی ہوئی درآمدات نے مالی سال 18ء کے پہلے دس ماہ میں جاری کھاتے کے خسارے کو 14 ارب ڈالر تک پہنچا دیا ہے جو پچھلے سال کی اسی مدت کے خسارے کی سطح سے 1.5 گنا زیادہ ہے۔

اسٹیٹ بینک کا نقطہ نظر یہ ہے کہ شرحِ مبادلہ میں مارکیٹ پر مبنی اس ردوبدل کے ساتھ دیگر حالیہ پالیسی اقدامات کی بنا پر توقع ہے کہ بیرونی کھاتے کے عدم توازن کو قابو میں لانے میں مدد ملے گی، جس سے مجموعی طلب کم ہو گی اور غیر قرضہ جاتی رقوم کی آمد کے امکانات کو سہولت ملے گی۔

اسٹیٹ بینک زر مبادلہ کی منڈیوں پر مسلسل کڑی نظر رکھے گا اور مالی منڈیوں میں استحکام کو یقینی بنانے اور سٹے بازی کے دباؤ کے خاتمے کے لیے تیار ہے۔